Series SHC/1

Code No. **255/1/1**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book

- Please check that this question paper contains **8** printed pages. + 2 Maps
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **19** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**

GEOGRAPHY (Theory)

جُغرافیہ (نظریہ)

(Urdu Version)

Time allowed : 3 hours] *[Maximum Marks : 70*

مقررہ وقت : 3 گھنٹے کل نمبر : 70

عام ھدایات

(i) 19 عام سوالات ہیں۔

(ii) سب سوال لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کے نمبر اُس کے مُقابل درج ہیں۔

(iv) سوال نمبر 1 تا 10 مختصر الجواب ہیں اور ہر ایک 3 نمبر کا ہے۔ اِن میں سے کسی کا جواب 80 الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہیئے۔

(v) سوال نمبر 11 سے 15 بھی مختصر الجواب ہیں اور ہر ایک 4 نمبر کا ہے۔ اِن میں سے کسی کا جواب 120 الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہیئے۔

(vi) سوالات نمبر 16، 17 اور 18 طویل الجواب ہیں اور ہر ایک 5 نمبر کا ہے۔ اِن میں سے کسی کا جواب 150 الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہیئے۔

(P.T.O)

(vii) سوال نمبر 19 میں بہت مختصر الجواب جانچ کے مدات ہیں۔ یہ 5 نمبر کا ہے۔

(viii) آپ کو فراہم کئے گئے دنیا اور ہندوستان کے نقشوں کو اپنی جواب کاپی میں جوڑنا ضروری ہے۔

(ix) نمونے کی تختی (ٹیم پلیٹ) یا اِسٹینسل کو خاکہ بنانے کے لئے اِستعمال کرنے کی اِجازت ہے۔

1۔ "جغرافیہ جنرلس" کتاب کا مُصنّف کون تھا؟ اِس مُصنّف نے جُغرافیہ کی جو دو قسمیں بیان کی ہیں۔ اِن کی وضاحت کیجئے۔ 1+2=3

2۔ کونٹینٹ (Content) کے اعتبار سے وسائل کے تین گروپوں کے نام بتائیے۔ اور ہر ایک گروپ کی ایک ایک مثال بھی دیجئے۔ $1\frac{1}{2}+1\frac{1}{2}=3$

3۔ دنیا میں لوہے کا اِستعمال دُوسری دھاتوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ کیوں ہوتا ہے؟ تین اسباب بیان کیجئے۔ 3×1=3

4۔ دنیا میں فصلوں کی تقسیم کو متاثر کرنے والے تین اہم طبعی عوامل مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔ 3×1=3

5۔ اَشیاء اور خِدمات کی پیداوار کی مہارت دُنیا میں بین الاقوامی تجارت کو کس طرح فروغ دیتی ہے؟ تین مناسب مِثالیں دے کر وضاحت کیجئے۔ 3×1=3

6۔ خُشک زمینوں میں ہندوستانی کِسانوں کے سامنے آرہے کوئی تین اہم مسائل بیان کیجئے۔ 3×1=3

7- "ہندوستان میں ترقی کی سطحوں میں علاقائی فرق صاف جھلکتا ہے۔"
اس قول کی وضاحت کوئی تین مناسب مثالیں دے کر کیجئے۔ 3×1=3

8- نیچے دی گئی ٹیبل کا مطالعہ کیجئے اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب دیجئے:۔ 1+2=3

سڑکوں کی لمبائی (000 کلومیٹر)	1950-51	1980-81	1996-97
سبھی طرح کی سڑکیں	400	1419	2465.9
پکی سڑکیں	157.0	684.0	1394.1
قومی شاہراہیں	19.8	31.7	34.8
صوبائی شاہراہیں	NA	94.4	137.1
کل رجسٹرڈ گاڑیاں (000)	306	5391	37231
مال گاڑیاں (000)	82	554	2260
بسیں	34	162	488

(8.1) 1950-51 اور 97-1996 کے درمیانی عرصے میں کس طرح کی سڑکوں میں اضافہ ہوا ہے؟ یہ اضافہ کتنا ہے؟

(8.2) اس طرح کی سڑکوں میں ہوئے اضافے کے لئے ذمہ دار دو اسباب بیان کیجئے۔

نوٹ: درج ذیل سوال صرف نابینا طلباء اور طالبات کے لئے سوال نمبر 8 کے بجائے۔

"سرحدی سڑکوں" کی کوئی تین اہم خصوصیات بیان کیجئے۔ 3×1=3

۹ ۔ درج ذیل نقشے کا مطالعہ کیجئے اور اِس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔ 3×1=3



(۹.۱) نقشے میں دِکھائی گئی نہر کا نام بتائیے۔ یہ نہر کِس مُلک میں واقع ہے؟

(۹.۲) اِس نہر سے جُڑے دو سمندروں کے نام بتائیے۔

(۹.۳) کِسی دو جھیلوں کے نام بتائیے۔ جن سے ہوکر یہ نہر گذرتی ہے۔

نوٹ:

درج ذیل سوال صِرف نابینا طلباء اور طالبات کے لئے سوال نمبر ۹ کے بجائے۔

پناما نہر کی تین خاص خصوصیات بیان کیجئے۔ 3×1=3

10- درج ذیل ڈائی گرام کا مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیئے۔ 1+2=3



(10.1) دیئے گئے ڈائی گرام کے لئے مناسب عنوان لکھئے۔

(10,2) اِس تکنیک کے ذریعہ بارش کے پانی کو کس طرح اکٹھا کیا جاتا ہے؟ بیان کیجئے۔

نوٹ:

درج ذیل سوال صرف نابینا طلباء اور طالبات کے لئے سوال نمبر ۱۵ کے بجائے۔

بارش کے پانی کو اکٹھا کرنا (ذخیرہ اندوزی) کیسے کہتے ہیں؟ بارش کا پانی اِکٹھا کرنے کے کوئی چار مقاصد بیان کیجئے۔ 1+2=3

11- دنیا میں ٹرانسپورٹ کے چار مختلف ذرائع کی دو دو خصوصیات لکھئے۔ 4×1=4

12- ہندوستان میں "ہوائی آلودگی" کے کوئی چار اہم اِنسانی ذرائع بیان کیجئے۔ 4×1=4

13۔ ہندوستان میں دیہی اور شہری بستیوں میں کوئی چار فرق واضح کیجئے۔ 4×1=4

14۔ ہندوستان میں ترسیل کے ذرائعوں کو دو گروپوں میں تقسیم کیجئے۔
ہر ایک گروپ کے ذرائع کی اہمیت کے تین تین اہم نکات (نقطے) بیان کیجئے۔
1+3=4

15۔ درج ذیل ٹیبل کا مطالعہ کیجئے اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔ $1\frac{1}{2}+1\frac{1}{2}+1=4$

عالمگیر پیمانے پر زمین کے استعمال میں تبدیلیاں (رقبہ دس لاکھ ہیکٹر میں)

Global Land Use Changes (Area in Million Hectares)

2000*	1980	1950	1920	1850	1700	خاص زمین کے استعمال Broad Land Uses
3454	5053	5389	5678	5965	6214	جنگلات Forests
3427	6788	6780	6748	6837	6860	گھاس کی زمین Grasslands
1512	1501	1170	913	537	265	فصل کی زمین Croplands

(15.1) کس قسم کی زمین کے استعمال کے اندر سب سے کم زمین کا علاقہ استعمال ہو رہا ہے؟ اس کا ایک سبب بیان کیجئے۔

(15.2) کس قسم کی زمین کا رقبہ لگاتار گھٹ رہا ہے۔ اس کا نام بتائیے اور اس کا ایک سبب بیان کیجئے۔

(15.3) فصل کی زمین کے رقبے کے لگاتار بڑھنے کا اہم سبب بیان کیجئے۔

نوٹ :

درج ذیل سوال صرف نابینا طلباء اور طالیات کے لئے سوال نمبر 15 کے بجائے۔

دُنیا میں "تجارتی زراعت" کی کوئی چار خصوصیات بتائیے۔ 4×1=4

16۔ دیہی بستیاں کسے کہتے ہیں؟ ہیئت یا فارم کی بُنیاد پر دُنیا کی دیہی بستیوں کے دو مختلف پیٹرنس Distinct Patterns کون کون سے ہیں؟ ہر ایک کی تین تین خصوصیات بیان کیجئے۔ 1+1+1½+1½=5

17۔ آبادی کی نمو (آبادی میں اضافہ) کا کیا مطلب ہے۔ ہندوستان کی آبادیاتی تاریخ (Demographic history) کے چاروں ادوار (Phases) کی دو دو خاص خصوصیات تفصیل سے بیان کیجئے۔ 1+4=5

18۔ زمین پر آبادی کی تقسیم اور آبادی کی نمو کو متاثر کرنے میں طبعی عوامل کس طرح اہم رول نبھاتے ہیں؟ کوئی پانچ عوامل موزوں مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔ 5×1=5

19۔(19.1) دنیا کے دیئے گئے نقشے میں اے۔ بی۔ سی اور ڈی (A، B، C اور D) چار خصوصیات دِکھائی گئی ہیں۔ نقشے کی کنجی کی مدد سے اُنہیں پہچانئے اور نقشے میں دی گئی نقطوں کی لائنوں پر اُن کے صحیح نام لکھیئے۔ 4×½=2

(19.2) آپ کو دیئے گئے ہندوستان کے سیاسی خاکہ میں درج ذیل کی نشاندہی کیجئے اور اُن کے نام بھی لکھیئے: 3×1=3

(i) مُلک کی سب سے کم آبادی والی ریاست۔

(ii) مُلک کا سب سے بڑا تیل صاف کرنے کا کارخانہ۔

(iii) چھتیس گڑھ کا اسٹیل پلانٹ۔

نوٹ:

درج ذیل سوال صرف نابینا طلباء اور طالبات کے لئے سوال نمبر ۱۹ کے بجائے۔

5×1=5

(19.1) افریقہ کے سب سے زیادہ آبادی والے مُلک کا نام بتائیے۔

(19.2) یورپ کا سب سے بڑا گیہوں کی پیداوار کرنے والا مُلک کون سا ہے؟

(19.3) ہندوستان کی سب سے کم آبادی والی ریاست کون سی ہے؟

(19.4) اپنے مُلک کے سب سے بڑے تیل صاف کرنے والے کارخانے کا نام بتائیے۔

(19.5) چھتیس گڑھ میں لوہے اور اسپات کے پلانٹ کا نام بتائیے۔

For Question No. (19.1)

سوال نمبر (19.1) کے لئے

प्रश्न संख्या (19.1) के लिए



Map for Question No. (19.2) سوال نمبر (19.2) کے لئے प्रश्न संख्या (19.2) के लिए

